تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی1
اُستاد کا نام:______	ہفتہ:9	تاریخ:______	وقت:40منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات کی شناخت کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، فلیش کارڈز

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے تجارت کا مطلب پوچھیں۔ان سے سوال کریں بیرون ملک تجارت میں کیا شامل ہے۔ان سے جوابات لیں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 92 سے متن ''درآمدات'' کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں درآمدات کا مطلب بتائیں وہ اشیا جو دوسرے ممالک سے خریدی جاتی ہیں، درآمدات کہلاتی ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں درآمد کی اشیا یا تو ہمارے ملک میں تیار نہیں ہوتیں یا مہنگی تیار ہوتی ہیں۔
- تختہ تحریر پر ان اشیاء کے فلیش کارڈز چسپاں کریں جو درآمد کی جاتی ہیں۔

ادویات			
ادویات	لوہا	مشینری	پڑولیم مصنوعات

- اب طلبہ کو برآمدات کے بارے میں بتائیں وہ اشیا جو دوسرے ممالک کو بیچی جاتی ہیں۔ان اشیا کو بیچ کر ہم زرمبادلہ کماتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر برآمدات کی فہرست بنائیں۔

(1) چادریں (2) کھیلوں کا سامان (3) چاول (4) دھاگہ

اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات کے نام پوچھیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی2
اُستاد کا نام:________	ہفتہ:9	تاریخ:________	وقت:40منٹ

باب ششم: معاشیات	سبق کا نام: معاشیات

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کاروباری کی تعریف کر سکیں۔اور اس کی مختلف اقسام مابین فرق کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- درآمدات سے کیا مراد ہے؟
- پاکستان کی اہم برآمدات کے نام بتائیں۔

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 93 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں اکثر لوگ تجارتی سرگرمیوں سے منسلک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ کاروباری کہلاتے ہیں۔ یہ لوگ نئے مواقع تلاش کرتا ہوا کاروبار چلاتا ہے۔اور اس کے نفع و نقصان کی ذمہ داری اُٹھاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ایک کاروبار کو چلانے کے لیے کوئی بھی شخص اپنے ہنر کو استعمال کر سکتا ہے۔
- انھیں بتائیں کاروبار کے فروغ سے ملک کی معیشت تیزی سے ترقی کرتی ہے اور عوام خوشحال ہوتے ہیں۔
- تختہ تحریر کاروباری کی اقسام نمایاں کر کے لکھیں۔

(1) واحد مالک (2) شراکت دار

- متن کی مدد سے ان اقسام کی وضاحت کریں۔

اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

متن کے حوالے سے طلبہ سے سوالات کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: چہارم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 3
اُستاد کا نام:________	ہفتہ: 9	تاریخ:________	وقت: 40 منٹ
باب ششم: معاشیات		سبق کا نام: معاشیات	

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- بینک کی تعریف کر سکیں۔
- بینکوں کی طرف سے حاصل ہونے والی خدمات کی وضاحت کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (4) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال پوچھیں:

- کاروباری سے کیا مراد ہے؟
- کاروبار کی کتنی اقسام ہیں؟

ان سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 93 تا 94 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں بینک ایک ایسا ادارہ ہے جہاں لوگ اپنی بچائی ہوئی رقوم جمع کراتے ہیں۔ اور ضرورت کے وقت قرضے بھی لیتے ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ کبھی بینک گئے ہیں؟ اور کس مقصد کے لیے گئے ہیں۔
- متن کا حوالہ دیتے ہوئے بینک کی خدمات بھی واضح کریں:
    - اہم کاغذات اور قیمتی زیورات کی حفاظت
    - یوٹیلٹی بلز کی وصولی
    - قرضوں کی فراہمی
    - بین الاقوامی تجارت میں معاونت
- انھیں بتائیں ہر ملک کا ایک مرکزی بینک ہوتا ہے۔ پاکستان کا مرکزی بینک سٹیٹ بینک آف پاکستان ہے۔

- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ نے کبھی بینک کی سہولت سے فائدہ اٹھایا ہے؟ انھیں بتائیں بینکوں میں اب تو بچے بھی اکاونٹ کھلوا سکتے ہیں۔

اعادہ **3منٹ**

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

مشق جزو(2) کا سوال(ii) کا جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔